حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ بوڑھا اپنے ماضی پر کیوں افسوس کر رہا تھا؟

سوال ۳۔ ہبار بن الاسود کون تھا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

سوال ۴۔ پاکستان میں کون کون سی علاقائی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

سوال ۵۔ علیم کو سب سے زیادہ کس چیز نے متاثر کیا؟

سوال ۶۔ شاہ ولی اللہ کی تحریک کا کیا مقصد تھا؟

سوال ۷۔ مخصوص رہن سہن کا زبان پر کیا اثر پڑتا ہے؟

سوال ۸۔ توصیف نے اپنے سسرال والوں کا دل کس طرح جیتا؟

سوال ۹۔ محمود غزنوی نے تاراگڑھ کے قلعے پر حملہ کیوں نہیں کیا؟

سوال ۱۰۔ مندرجہ ذیل الفاظ اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

کھیت کھلیان   تنگ تاریک   گزر بسر   جلی حروف

سوال ۱۱۔ بنیئے کا ظلم وستم سے مظلوم خاندان کو نجات دلا کر علیم نے کیا محسوس کیا؟

سوال ۱۲۔ اللہ تعالیٰ نے سرزمین پر کس طرح اپنی رحمت نازل فرمائی؟

سوال ۱۳۔ مندرجہ ذیل الفاظ سے اسم صفت بنائیے۔

کافر   باغی   حلیم   عاجز

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کیجئے۔

''آپ روپے ادا کرنے کا کچھ فکر نہ کیجئے، میں نے لینے کی نیت سے نہیں دیا۔''

سوال ۱۵۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی بحوالہ تشریح کیجئے۔

(الف) مسلّم ہے تجھی کو حکمرانی   کہ تیری سلطنت ہے جاودانی

(ب) حرم پاک بھی، اللہ بھی، قرآن بھی ایک   کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک

سوال ۱۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔

نظریہ پاکستان   سچی ہمدردی

سوال ۱۷۔ ''اسلام کی برکتیں'' کے عنوان سے ایک مضمون لکھئے۔

سوال ۱۸۔ نظم ''صحرا کی دعا'' کا خلاصہ لکھئے۔